نیلامی ٹھیکہ برائے نقول برانچ (Copying Branch) فوٹو سٹیٹ مشین

1- ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہیڈ کوارٹر مردان، تحصیل تخت بھائی اور تحصیل کاٹلنگ (مردان) میں نقول برانچ کے لئے فوٹو سٹیٹ مشین کو ٹھیکہ پر دینا مقصود ہے۔ اس سلسلے میں "نو فائل موومنٹ" (No File Movement) کے نظام کو اپنایا جائے گا۔ لہٰذا اس ضمن میں سربمہر ٹینڈر کی ضرورت ہے۔ خواہش مند حضرات مورخہ 04-11-2026 بوقت 10:30 بجے صبح تک ٹینڈر بند لفافہ میں دے سکتے ہیں، جو کہ اسی دن 11:00 بجے صبح کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر دینے سے قبل بولی دہندہ متعلقہ جگہ/مقام دیکھ سکتا ہے۔ صرف کے۔ پی۔ آر۔ اے۔ (KPRA) سے رجسٹرڈ افراد ہی ٹینڈر میں حصہ لے سکتے ہیں۔ مزید شرائط وضوابط کی معلومات اور ٹینڈر فارم کا حصول دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیا جاسکتا ہے۔

2- خواہشمند ٹھیکیداران ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان کے نام پر مبلغ -/50000 روپے کی CDR (کال ڈیپازٹ ریسیٹ) اپنے فارم کے ساتھ جمع کروائیں گے۔ کال ڈپازٹ کے بغیر بولیوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

3- بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ -/500 روپے فیس فی فارم مقرر کی گئی ہے جو کہ ناقابل واپسی ہے۔

4- بولی کی کم از کم قیمت مندرجہ ذیل مقرر کی گئی ہے۔

- ہیڈ کوارٹر مردان: مبلغ -/70000 روپے ماہانہ
- تحصیل تخت بھائی: مبلغ -/15000 روپے ماہانہ
- تحصیل کاٹلنگ: مبلغ -/10000 روپے ماہانہ
- بولی دہندہ گان اپنی بولی کی پیشکش دفتر اکاؤنٹنٹ سیشن کورٹ مردان میں مورخہ 04.11.2026 بوقت 10:30 بجے صبح تک بند لفافہ میں جمع کرا سکتے ہیں۔

5- ٹینڈر فارم بمع Bid solicitation documents دفتر اکاؤنٹنٹ سیشن کورٹ، ہیڈ کوارٹر مردان سے وصول کئے جاسکتے ہیں۔

6- پیش کردہ Bid تمام قابل اطلاق ٹیکسوں پر مشتمل ہونی چاہیے۔ ٹینڈر کی قیمتیں 30.06.2026 تک نافذ العمل ہوں گی۔

7- پیشکش یا بولی دینے والے کا انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے نیز ایف بی آر (FBR) کی فعال ٹیکس دہندہ گان کی فہرست (Active Taxpayer List) میں ہونا چاہئے اور رجسٹریشن سرٹیفکیٹ بولی کے دساویزات کے ساتھ منسلک ہونا ضروری ہے، ورنہ بولی قابل قبول نہیں ہوں گی۔

8- قانون کے مطابق قابل اطلاق تمام ٹیکس ٹھیکیدار کے بلوں/ادائیگیوں سے مرعلقہ قاعدے کے مطابق کاٹ لئے جائیں گے۔

9- کامیاب بولی دہندہ معاہدہ (Agreement) طے پانے کے 07 دن کے اندر اپنا کام شروع کرنے کا پابند ہوگا، ورنہ نیلامی منسوخ کردی جائے گی اور دفتر ہذا سے کوئی اضافی سہولت فراہم نہیں کی جائے گی۔ مشین یا سامان نصب کرنے یا ہٹانے کے دوران کسی بھی قسم کے نقصان کی صورت میں تمام تر مالی وقانونی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر عائد ہوگی، جس کی بابت کام سروع کرنے سے پہلے ایگ الگ حلف نامہ (Affidavit) جمع کرانا لازمی ہوگا۔

10- بولی دہندہ کو یہ سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا کہ کوئی بھی مطلوبہ معلومات چھپائی نہیں گئی ہیں۔ حقائق کو مسخ کرنا یا غلط بیانی کرنا بولی کو نااہل قرار دینے کا کافی سبب ہوگا۔

11- نامکمل درخواست/بولی پر غور نہیں کیا جائے گا۔ کمیٹی ٹینڈر کی کاروائی کو کسی بھی مرحلے پر مسترد یا بند کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے اور ساتھ ہی KPRA رولز 2014 کے قاعدے کے مطابق وجوہات کی بنیاد پر تمام یا کسی بھی درخواست کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ ورک آرڈر منسوخ ہونے کی صورت میں اگلی بلند ترین بولی لگانے والے (Nest Highest Bidder) کو نیا ورک آرڈر جاری کیا جاسکتا ہے۔

12- کامیاب بولی دہندہ اس دفتر کے منظور شدہ فارمیٹ کے مطابق اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا، ورنہ نیلامی منسوخ تصور کی جائے گی اور جمع شدہ CDR بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

13- بولی کے دستاویزات جمع کرانے کی آخری تاریخ 04.11.2026 بوقت 10:30 بجے صبح مقرر ہے۔

14- مجاز کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرے۔

15- مزید کسی بھی قسم کی معلومات/تفصیلات دفتری اوقات کار کے دوران مذکورہ بالا دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر: سینئر سول جج (ایڈمن)، مردان